هدیۂ
درُود و سلام
بیادِ
پروینِ گولڑہ
تحریر و ترتیب
افتخار احمد حافظ قادری

کتابِ مُستطاب "ھدیۂ درُود و سلام"

بیادِ ، ھمشیرہ صاحبہ پروین اختر مرحومہ و مغفورہ المعروف "پروینِ گولڑہ"

از قلم مکرمی افتخار احمد حافظ قادری زید مجدہٗ ، "بھائی"

سالِ وصال 2013ء بمطابق 1434ھ

"عظمتِ مقام فقر و آگہی" 2013ء، "تاریخ اخلاص، ایقان و عمل" 1434ھ، "طیب فیضانِ فقرِ محمد ﷺ" 1434ھ

صفحات: 112، بہ الفاظ بحساب ابجد "زیب النبی ﷺ": 112، "لازوال یادِ حبیب ﷺ": 112

قطعۂ تاریخ (سالِ طباعت)

بحمد اللہ، حافظ محترم نے — مُرتب کی کتابِ خوبصورت
درُودوں کا سلاموں کا ہے ہدیہ — یہ دربارِ محمد ﷺ جانِ رحمت
مبارک کام پیہم کر رہا ہے — سمیٹے ہے سعادت پر سعادت
قلم کی سرعت اُس کی حیرت افزاء — ملی حق سے اُسے یہ خاص نعمت
یہ ہے شیریں ثمر لا ریب اُس کا — اُسے خاصانِ حق سے ہے محبت
بزرگوں کی، خدا والوں کی اُس پر — نگاہِ لطف ہے، چشمِ عنایت
کتابیں اُس نے وہ تحریر کی ہیں — عیاں ہے جن سے اہلِ حق کی عظمت
خدا کے دوستانِ محترم سے — مثالی اُس کا ہے حسنِ عقیدت

☆☆☆

جہانِ آب و گل، دارِ فنا سے — ہوئی اُس کی بڑی ہمشیرہ رخصت
وہ دلدادہ نبی ﷺ کی غوث رضی اللہ عنہ کی بھی — شہانِ گولڑہ سے تھی عقیدت
مقدس سر زمینِ گولڑہ میں — بنی اُس خوش نصیب کی تُربت
یہ خوش بختی ہے یہ ہے خوش نصیبی — یہ ہے پروین اختر کی سعادت
جلیل القدر بھائی نے ادب سے — مرتب کی کتاب پُر سعادت
کتابِ ذوق پرور، اُس کی تاریخ — رقم طارق نے کی "اذکارِ نسبت" (1434ھ)
رقم کی ہے بہ عونِ ہاتفِ غیب — دگر تاریخ بھی "جامع فضیلت" (1434ھ)

سروشِ غیب سے ایک اور تاریخ
ملی طارق کو "با فیضِ حسن تُربت"
(2013ء)

محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری

بسم الله الرحمن الرحیم
قال اللہ تعالیٰ فی شان حبیبہ
إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ

نام کتاب	ہدیۂ دُرود و سلام
تحریر وترتیب	افتخار احمد حافظ قادری
بیاد	پروین گولڑہ
تاریخ اشاعت	جون 2013ء / رجب المرجب 1434ھ
تعداد اشاعت	ایک ہزار
ہدیۂ کتاب	کثرت سے دُرود و سلام کا ورد

برائے ایصالِ ثواب و دُعائے بخشش و مغفرت

جمیع اُمّتِ محمدیہ ﷺ

خصوصاً

ہمشیرۂ محترمہ پروین اختر مرحومہ

محلّہ پیراں والا، گولڑہ شریف، ضلع اسلام آباد

انتسابِ کتاب

بنام

ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ

بنت

حافظ فقیر محمد مرحوم

جو

تمام عمر حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ کے نامِ پاک کا وِرد کرتی رہیں،

ہمہ وقت مخلوقِ خدا کی خدمت میں مصروف رہیں

اور

ہر ایک کیلئے ہمیشہ دُعائیں کرنے میں مصروف رہتیں۔

افتخار احمد حافظ قادری

پروین گولڑہ

موت فنا کا نام نہیں بلکہ بقاء کا نام ہے۔ سرکارِ مدینہ ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ "ایمان والوں کو موت نہیں آتی بلکہ وہ اپنے عارضی گھر سے دائمی گھر کی طرف روانہ ہوتے ہیں اور اُس گھر تک پہنچنے کیلئے موت ایک پُل کا کام کرتی ہے"۔

شہنشاہِ بغداد سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رب تعالیٰ نے مجھے بذریعہ الہام مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ "اے غوثِ اعظم! اگر انسان جان لے کہ اُس کیلئے موت کے بعد کیا ہے تو پھر وہ اِس عارضی زندگی کی آرزو نہ کرے، کیونکہ جو اس زندگی کی آرزو کرتا ہے وہ ہرگز خدا تک نہیں پہنچ سکتا۔"

ہماری پیاری ہمشیرہ محترمہ پروین اختر بنت حافظ فقیر محمد ہم سب کو مستقل الوداع کہنے کے بعد داغِ مفارقت دیتے ہوئے یکم جون 2013ء بروز ہفتہ بمطابق 21 رجب المرجب 1434ھ بارگاہِ رب العزت میں پیش ہو گئی ہیں، جس پر نہ صرف ہم سب بلکہ اہلیانِ گولڑہ شریف کی ہر آنکھ نمناک اور سوگوار ہے۔ یہ ہماری وہ پیاری ہمشیرہ صاحبہ ہیں جو ہمیشہ دُرود و سلام پڑھنے میں مصروف رہا کرتیں اور اکثر اُن کی زبان پر نعت شریف کا یہ شعر ہوتا تھا۔

سنا ہے آپ ﷺ ہر عاشق کے گھر تشریف لاتے ہیں
میرے گھر میں بھی ہو جائے چراغاں یا رسول اللہ ﷺ

حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ سے انتہا درجہ عقیدت و محبت تھی، اُٹھتے بیٹھتے سرکارِ بغداد رضی اللہ عنہ کا نام ہمشیرہ صاحبہ کی زبان پر ہوتا تھا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے ہماری اس پیاری بہن کو بہت سی خوبیوں سے نوازا تھا (بڑی خوبیاں اُس عفیفہ میں تھیں)۔

محلہ پیراں والا گولڑہ شریف کی ہر خاتون اور مرد کی زبان پر ایک ہی جملہ سننے میں آتا ہے کہ وہ عظیم خاتون تھیں، وہ ہر ایک کا غم رکھنے والی، اللہ والی

خاتون تھیں، وہ غوث پاک رضی اللہ عنہ کی دیوانی تھیں، ہمیشہ انسانیت کی خدمت میں مصروف رہتیں، پیرانِ عظام گولڑہ شریف کی غلامہ و خادمہ تھیں اور انشاء اللہ العزیز وہ جنتی خاتون ہیں۔ ہمیں یقین نہیں آتا کہ وہ اتنی جلدی ہمیں چھوڑ کر اپنی اگلی منزل کی طرف روانہ ہو گئی ہیں۔

ہمشیرہ پروین اختر پورے گولڑہ شریف کی "پروین (روشنی اور راہ دکھانے والی)" اور "آپا جی" تھیں۔ ہر چھوٹا بڑا مرد و عورت دل سے اُن کی عزت و احترام کرتا تھا اور اُن سے دُعاؤں کا طلبگار ہوتا تھا۔ پیرانِ عظام کے گھروں میں اُن کو ایک خاص مقام و مرتبہ حاصل تھا اور اُنہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔

پیر صاحب سدرہ شریف جناب سید محمد انور گیلانی قادری مدظلہ العالی (ڈیرہ اسماعیل خان) کی خدمت میں جب بھی میری حاضری ہوتی تو وہ ہمیشہ ہمشیرہ صاحبہ کا ضرور پوچھتے اور اُنہیں "گولڑے والی بہن" کے نام سے یاد کرتے۔ جناب کو جب میں نے ہمشیرہ صاحبہ کے وصال کی خبر سنائی تو آپ بہت زیادہ افسردہ ہو گئے، دلی تعزیت کا اظہار فرمایا اور اگلے دن ہمشیرہ صاحبہ کی قبر پر بذریعہ فون دُعائے بخشش و مغفرت کروائی۔

ہمشیرہ پروین اختر کی پیدائش سال 1951ء کوہ مری، ضلع راولپنڈی میں ایک انتہائی خوشی اور برکت والے دن یعنی رمضان المبارک والی عید کے دن ہوئی۔ 20 سال کی عمر میں مورخہ 31 جنوری 1971ء رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوئیں۔ پورے 42 سال اور 6 ماہ محلہ پیراں والا، گولڑہ شریف میں اپنے خاوند کے گھر عزت و وقار اور صبر و استقلال کے ساتھ گزارنے کے بعد تقریباً 62 سال کی عمر میں بغیر کسی بیماری کے داعیٔ اجل کی آواز پر لبیک کہہ دیا۔

ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ کو بزرگانِ دین کے مزارات مبارکہ پر حاضری کا بہت زیادہ شوق تھا۔ تقریباً پورے پاکستان کی اہم و مشہور زیارات مقدسہ پر حاضری کا شرف حاصل کیا۔ پاکستان سے باہر دو مرتبہ عمرہ شریف اور مدینہ منورہ حاضری کی سعادت حاصل کرنے کیلئے تشریف لے گئیں۔ پہلی بار دسمبر 1993ء میں اور دوسری بار جون 2007ء میں۔ مدینہ منورہ کی دوسری و آخری حاضری کے موقع پر ہمہ وقت اُن کی زبان پر یہ مصرعہ ہوتا تھا۔

یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے

ہمشیرہ صاحبہ کی بیعت ارادت غوثِ زمان حضور قبلہ پیر سید مہر علی شاہ ؒ کے صاحبزادہ والا شان حضور قبلہ بابو جی ؒ سے تھی۔ گولڑہ شریف میں منعقدہ جملہ تقریبات میں شامل ہوتیں اور گھر پر بھی دور و نزدیک سے آنے والے ہر مہمان کی خدمت کر کے خوشی محسوس کرتیں۔ راولپنڈی شہر کی ایک عظیم روحانی و علمی، قادری شاذلی شخصیت جناب حضرت غلام رضا علوی مدظلہ العالی سے بھی ہماری ہمشیرہ کو انتہائی عقیدت و محبت تھی اور ذوق و شوق سے آپ اُن کا ذکر سنا کرتیں۔ حضرت قبلہ شاذلی صاحب کی ناسازیٔ طبع کے باوجود میں نے ضروری سمجھا کہ جناب کو کم از کم اطلاع ضرور دے دوں۔ اطلاع دی تو واپس جواب آیا کہ جناب خود جنازے میں شرکت کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔

سفرِ آخرت اور تدفین

ہمشیرہ صاحبہ کی نمازِ جنازہ کا وقت بعد از نمازِ ظہر مسجد دربارِ غوثیہ گیلانیہ، گولڑہ شریف مقرر تھا۔ جنازہ کی تیاری کے بعد خواتین نے محفلِ ذکر و نعت منعقد کی۔ دُعا کے بعد ہم بھائیوں اور ہمارے بیٹوں نے قصیدہ بردہ شریف

نعت شریف اور منقبت حضور غوثِ پاک ؓ کا نذرانہ پیش کیا۔ ایک بج کر دس منٹ پر ایک جمِ غفیر کی آہوں اور سسکیوں میں ہمشیرہ صاحبہ کے جنازے کو کلمۂ شہادت کی گونج میں اُٹھایا گیا جس سے گھر میں ایک کہرام مچ گیا۔ آہستہ آہستہ دربارِ غوثیہ کی مسجد کی طرف روانہ ہوئے اور ظہر کی اذان تک مسجد پہنچ گئے۔

حضور قبلہ پیر مہر علی شاہ ؒ کے والدِ گرامی کے قدموں میں جنازہ رکھا گیا، طلباء نے قرآن خوانی شروع کی۔ دربار شریف کی مسجد باہر تک نمازیوں اور دُور دراز کے مہمانوں اور سوگواران سے بھر گئی، جن میں کئی عظیم روحانی شخصیات موجود تھیں۔

دربار شکئی شریف (پشاور) سید دلاور بادشاہ ؒ کے خلیفۂ مجاز حضرت بابا فقیر امیر نواز چشتی اجمیری مدظلہ العالی اپنے مریدین کے ہمراہ جنازہ کی ادائیگی کیلئے تشریف لائے۔ کچھ ہی دیر بعد قبلہ حضرت غلام رضا علوی قادری شاذلی صاحب بھی کرم فرماتے ہوئے تشریف لے آئے۔ میں نے آگے بڑھ کر نمازِ جنازہ پڑھانے کی درخواست کی۔ ایک بج کر پینتالیس منٹ پر نمازِ ظہر ادا ہوئی۔ دُعا کے بعد اعلان ہوا کہ تمام حاضرین اپنی اپنی جگہوں پر تشریف رکھیں۔ دو بجے نمازِ جنازہ مسجد میں ہی ادا کی جائے گی۔

نمازِ جنازہ کی صف بندی ہوئی اسی اثناء سجادہ نشین گولڑہ شریف حضرت شاہ عبدالحق گیلانی مدظلہ کے صاحبزادہ قطب الحق شاہ گیلانی تشریف لے آئے۔ قبلہ شاذلی صاحب کی قیادت میں نمازِ جنازہ ادا ہوئی۔ صاحبزادہ قطب الحق شاہ صاحب نے دُعا فرمائی، اُن کے بعد قبلہ شاذلی صاحب نے دُعا کروائی اور جنازے کو اُٹھاتے ہوئے حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہ ؒ کے مزارِ مبارک اور ہمشیرہ صاحبہ کے پیر و مرشد حضرت قبلہ بابو جی ؒ کے قدموں میں

پیش کیا اور درخواست کی، اب وقت آ گیا ہے کہ اپنی مریدنی کی مدد فرمائیں۔ یہ اُنہی کا تصرف اور ہمشیرہ کی اپنی قسمت و مقدر کہ آخری وقت میں بھی اپنے مرشد کامل کی خدمت میں حاضری ہوگئی اور یقیناً اُنہوں نے ان پر نظرِ کرم فرماتے ہوئے یہ پیغام دے دیا ہوگا کہ آپ فکر نہ کریں ہم خود آپ کے ذمہ دار ہیں۔ •

حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک کے پھول جناب قبلہ شاذلی صاحب کو پیش کئے گئے کہ یہ بابرکت پھول ہماری ہمشیرہ کے کفن اور جنازہ پر رکھیں۔ اسی دوران آپ نے چند ایسے بابرکت کلمات ادا کئے کہ خود آپ پر بھی ایک وجدانی کیفیت طاری ہوگئی اور آپ کی چشمانِ مبارک سے آنسو رواں ہو گئے۔ ایک عجب منظر تھا، ہر شخص کی آنکھوں سے جاری تھے۔ قبلہ شاذلی صاحب نے آنسوؤں کی روانی میں ہی دُعا کروائی۔ پھر جنازہ مبارک کو اُٹھا کر قبلہ بڑے لالہ جی کے قدموں میں رکھا گیا۔ قبلہ شاذلی صاحب نے آپ کے دربار مقدس کے پھول ہمشیرہ صاحبہ کے جنازے پر نچھاور کرتے ہوئے رقت آمیز دُعا فرمائی۔ جنازہ حضرت قبلہ شاہ نصیر الدین رحمۃ اللہ علیہ کے قدموں میں لے جایا گیا، اُن کے دربار مقدس کے پھول بھی ہمشیرہ صاحبہ کے کفن میں رکھے گئے اور دُعا ہوئی۔ اس موقع پر حضرت قبلہ شاذلی صاحب کے دُعائیہ کلمات انشاء اللہ العزیز ہماری ہمشیرہ صاحب صاحبہ کی بخشش و مغفرت کا سبب بنیں گے۔ یہاں سے جنازہ اُٹھایا تو عورتوں کا ایک ہجوم تھا جو اس خوش قسمت خاتون کی زیارت کرنا چاہتا تھا، اُنہیں زیارت کروائی گئی۔ اُس کے بعد محلہ پیراں والا کے قدیم قبرستان میں ہمشیرہ صاحبہ کی تدفین ہوئی۔ قبر مبارک پر دُعا پیر عطاء الحسن گیلانی صاحب نے کروائی۔

ملکِ پاکستان کے مشہور ادیب، نعت گو و تاریخ گو شاعر جناب

طارق سلطانپوری صاحب نے ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ کا مادۂ تاریخ (سالِ وصال) قرآن پاک کی اس آیت مبارکہ سے نکالا ہے۔ ''**أُولٰئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا**'' (اس آیت مبارکہ کے اعداد 1434 بنتے ہیں)

ایک حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ''قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہوتی ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا''۔ اے ہمشیرہ صاحبہ! ہم سب آپ کیلئے بارگاہِ رب العزت میں نہایت عجز و انکساری اور خلوصِ دل کے ساتھ دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے پیارے حبیب کریم، رؤف الرحیم، سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلۂ جلیلہ سے آپ کی قبر مبارک کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنا دے۔ آمین

اے ہمشیرہ صاحبہ! آپ تو یقیناً بہت خوش قسمت ہیں، مدینہ طیبہ طاہرہ کی پاک ہواؤں اور فضاؤں میں آپ کا ذکرِ خیر ہو رہا ہے۔ آپ کی بخشش اور مغفرت کی دُعائیں ہو رہی ہیں۔ میرے سیدی و مرشدی الشیخ السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی المدنی مدظلہ العالی مسجد نبوی شریف میں بیٹھے آپ کی مغفرت کیلئے دُعائیں فرما رہے ہیں۔ عاشقِ درود و سلام اور دُنیا میں اس کی مہک اور خوشبو بکھیرنے والی مکہ مکرمہ کی ایک عظیم شخصیت جناب ڈاکٹر ابو مختار دہم مدظلہ العالی حرم مکہ میں آپ کی بخشش و مغفرت کیلئے دل کی گہرائیوں سے دُعا گو ہیں۔ اس لئے ہم اللہ تبارک وتعالیٰ سے اس بات کی بھی کامل اُمید رکھتے ہیں کہ فرشتوں نے قبر کے سوال و جواب کے بعد انشاء اللہ العزیز آپ کو جنت کی بشارت دیتے ہوئے یہ فرما دیا ہوگا کہ ''اب آپ آرام سے دُلہن جیسی نیند کریں''۔

بروز اتوار بعد از نمازِ عصر ہم ہمشیرہ صاحبہ کی قبر پر حاضر ہوئے، سورۃ یٰسین اور دلائل الخیرات شریف کا ختم پڑھا، مدینہ طیبہ طاہرہ کی معطر و معنبر

فضاؤں سے ایک حسینی سید زادے عاشقِ رسول ﷺ جناب الشیخ السید علوی با فقیہ مدظلہ العالی کا فون آیا، تعزیتی کلمات کے بعد آپ نے با آوازِ بلند ہمشیرہ صاحبہ کی بخشش و مغفرت کیلئے دُعا فرمائی۔

موت اگر فنا کا نام نہیں تو کیا اموات کو صدقات کا ثواب پہنچتا ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے سرکارِ دو عالم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں عرض کی، "یارسول اللہ ﷺ! ہم اپنے فوت شدگان کے ایصالِ ثواب کیلئے جو صدقات کرتے ہیں کیا انہیں اُن اعمال کا ثواب پہنچتا ہے؟"، جس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "بے شک اُن کو اُن تمام اعمال کا ثواب پہنچتا ہے اور وہ اُسی طرح خوش ہوتے ہیں جس طرح آپ کسی تحفے کے وصول ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہو"۔

اس فانی دنیا سے اپنے جانے والے پیاروں کو یاد رکھنے کا بہترین طریقہ اُن کیلئے صدقۂ جاریہ اور دُعائے بخشش و مغفرت ہے۔ اپنی ہمشیرہ مرحومہ و مغفورہ کی محفل چالیسواں کے موقع پر دُرود و سلام کی یہ بابرکت و مبارک کتاب اُن کے ایصالِ ثواب کیلئے تقسیم کی جا رہی ہے۔ جس میں سرکارِ مدینہ ﷺ کے اسمِ مبارک "محمد ﷺ" کے عدد (۹۲) کے برابر (۹۲) صیغہ ہائے دُرود و سلام موجود ہیں جن کو پڑھنے کیلئے زیادہ سے زیادہ تیس منٹ چاہئیں، حکمِ خداوندی پر عمل، سرکارِ مدینہ ﷺ کی خوشنودی اور خیر و برکت کے حصول کیلئے کم از کم ایک بار روزانہ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد سرکارِ مدینہ ﷺ کی ساری امت اور بالخصوص ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ کی بخشش و مغفرت کی دُعاؤں کی درخواست ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا بھی خاتمہ ایمان اور خیر پر فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

افتخار احمد حافظ قادری

(فون 0344-5009536)

دُرود و سلام

ایسی عبادت جو ہر حال میں قبول و منظور ہے

نا قبولِ بارگاہِ حق کبھی ہوتا نہیں
غور کے قابل ہے یہ تخصیص و تفریدِ دُرود

خُود خُدا بھی اور کرتے ہیں فرشتے بھی یہ کام
اہلِ ایمان کو بھی ہے تلقین و تاکیدِ دُرود

بڑھ رہی ہے دن بدن توقیر و تقدیسِ سلام
اوج پر ہر روز ہے تجلیل و تمجیدِ دُرود

اس کی برکت سے عطا ہوتی ہے ہر غم سے نجات
مشکلیں آسان ہوتی ہیں بہ تائیدِ دُرود

دائمی لطفِ خُدا و مصطفیٰ ﷺ پائے گا وہ
بھا گیا جس دیدہ ور کو حُسنِ جاویدِ دُرود

مژدۂ بخشش ہے حافظ افتخار احمد تجھے
خُوب و دل آویز کی ہے تسویدِ دُرود

طارق سلطانپوری

1

درود حُبّ رسول ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَحَبِیْبِنَا وَ
مَحْبُوْبِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

سید الاولین والآخرین کی محبت کو اپنے دلوں میں جاگزیں
کرنے کیلئے کثرت سے یہ دُرودِ پاک پڑھا جائے۔

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْكَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عَرَبٍ وَّ مِنْ عَجَمٍ

2

درودِ مقرب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ
الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

سرکارِ دو عالم ﷺ کی شفاعت حاصل کرنے کیلئے اس دُرود
پاک کو کثرت سے پڑھا جائے۔

هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمٖ

حضرت امام شرف الدین البوصیری الشاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

3

دُرود زیارتِ حبیب ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارتِ مبارکہ کیلئے یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ صبح اور ایک ہزار مرتبہ شام کو پڑھا جائے۔

وَاَحْسَنُ مِنْكَ لَمْ تَرَقَطُّ عَيْنِیْ
وَاَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَاءُ

4

دُرودِ مشاہدہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی حَبِيْبِكَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِيْنَ

مقام مشاہدہ کے حصول کیلئے اس دُرودِ پاک کو کثرت سے پڑھا جائے۔

خُلِقْتَ مُبَرَّاً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ
كَاَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَاءُ

شاعرِ رسول ﷺ حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ تعالیٰ عنہ

5

درودِ تعلق

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى رَسُوْلِكَ الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اس دُرودِ پاک کو متواتر اور کثرت سے پڑھنے کی وجہ سے سرکارِ دو عالم ﷺ سے ایک خاص ربط اور تعلق پیدا ہو جاتا ہے۔

ما طالبِ خدائیم بر دینِ مصطفیٰ ایم
بر درگهش گدائیم سلطانِ ما محمد ﷺ

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

6

درودِ مصطفیٰ ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَ عَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ

اس دُرودِ پاک کا عامل نیک صفات سے متصف ہو جائے گا اور کثرت سے پڑھنے والا حضور نبی اکرم ﷺ کی محبت میں محو رہے گا۔

سید و سرور محمد ﷺ نورِ جان
مہتر و بہتر شفیعِ مجرمان

7

دُرود مجتبیٰ ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى حَبِيْبِكَ الْمُجْتَبٰى وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا وِرد کرنے سے سرکارِ دو عالم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوتا ہے۔

گفت طوبی من رآنی مصطفیٰ ﷺ
والذی یبصر لمن وجھی یری

8

دُرود باطن

صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اس دُرودِ پاک کو کثرت سے پڑھنے کی وجہ سے انسان کی زبان سیف ہوجاتی ہے اور اُس کی ہر دُعا بارگاہِ رب العزت میں قبول ہوتی ہے۔

اگر خیریت دنیا و عقبیٰ آرزو داری
بدرگاهش بیا، وهر چه می خواهی تمنا کُن
قافلہ سالارِ عشق حضرت مولانا جلال الدین رومی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

9

دُرود مستجابُ الدعوات

صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

دعاؤں کی قبولیت کیلئے یہ دُرودِ پاک کثرت سے پڑھا جائے کیونکہ اِس کے پڑھنے سے دنیاوآخرت کی کامیابیاں وکامرانیاں حاصل ہوتی ہیں۔

تنم فرسوده جان پاره زهجران یا رسول اللہ ﷺ
دِلم پُر درد آواره زِ عصیان یا رسول اللہ ﷺ

10

دُرودِ حاجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اَهْلِ بَیْتِهٖ

جو شخص روزانہ ایک سو بار اِس دُرودِ پاک کاوِرد کرے گا اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کے دین، دنیا اور آخرت کی حاجات پوری فرمادے گا۔

چو بازوئے شفاعت را کشای برگنهگاران
مکن محروم جامیؔ را دران دم یا رسول اللہ ﷺ

مولانا عبدالرحمٰن جامیؔ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الزَّیْتُوْنِ وَجَمِیْعِ الثِّمَارِ

حصولِ دنیاوی ثمرات اور رزق میں برکت و اضافہ کیلئے اس درُودِ پاک کو زیادہ سے زیادہ بار پڑھا جائے۔

من گدائے تو یا رسول اللہ ﷺ
جان فدائے تو یا رسول اللہ ﷺ

12

درُود دافع المصائب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

کثرت سے اِس درُودِ پاک کو پڑھنے سے مصائب اور پریشانیاں انشاء اللہ دور ہو جائیں گی۔

ارحم الراحمین نہ ہم بخشد
بے رضائے تو یا رسول اللہ ﷺ
بلبلِ شیراز حضرت شیخ سعدی شیرازی

13
دُرود زیارتِ سید الانبیاء والمرسلین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِهٖ صَلَاةً تَعْدِلُ جَمِیْعَ صَلَوَاتِ اَهْلِ مَحَبَّتِكَ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِهٖ سَلَام'' یَّعْدِلُ سَلَامَهُمْ

حضرت شیخ تیجانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ دُرودِ پاک زیارتِ حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے کثرت سے پڑھا جائے۔

14
دُرود فرح و سرور

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَمْلَأُ خَزَائِنُ اللّٰهِ نُوْرًا وَ تَكُوْنُ لَنَا فَرَجًا وَ فَرِحًا وَ سُرُوْرًا

اِس صیغہ دُرود و سلام کے پڑھنے سے خوشی اور مسرت حاصل ہوتی ہے اور تمام ظاہری و باطنی مسائل حل ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔

15

دُرود انعام

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِهٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰهِ وَ اِفْضَالِهٖ

اس دُرود شریف کے پڑھنے والے پر دُنیا و آخرت کی نعمتوں کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ اس دُرودِ پاک کے اجر وثواب کی کوئی انتہا نہیں۔

16

دُرود موسیٰ علیہ السلام

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ وَمَنْبَعِ الْاَنْوَارِ وَجَمَالِ الْكَوْنَيْنِ وَشَرَفِ الدَّارَيْنِ وَسَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ الْمَخْصُوْصِ بِقَابِ قَوْسَيْنِ

یہ دُرودِ پاک حضرت موسیٰ علیہ السلام سے منسوب ہے۔

17

دُرود سیدنا علی رضی اللہ عنہ

صَلَوَاتُ اللهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ
وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ
مُحَمَّدٍ وَّعَلَيْهِ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَ
رَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ

خیر و برکت کے حصول کیلئے اس بابرکت دُرودِ پاک کا کثرت سے وِرد کیا جائے۔

18

دُرود خالد نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ
وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ كَثِيْرًا ۝

خیر و برکت کے حصول کیلئے اِس دُرودِ پاک کا کثرت سے وِرد کیا جائے۔

19

دُرودِ خضری

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

عربی کتاب "**صلوۃ المحبین علی حبیب رب العالمین**" کے مصنف حضرت شیخ احمد جوادرحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ دُرودِ پاک میں نے خواب میں سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبانِ مبارک سے سنا ہے۔ کثرت سے اس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

20

دُرودِ غوثیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَاٰلِہٖ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

یہ دُرودِ پاک نعمتِ خداوندی کا خزینہ ہے اور سلسلۂ قادریہ کے وظائف میں شامل ہے۔ اکثر مشائخ اسی صیغۂ دُرود و سلام کو ہر حاجت کیلئے پڑھنے کی تلقین فرماتے ہیں۔

21

دُرود حبیب ﷺ

اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَ
عَلٰی اٰلِکَ وَ اَصْحَابِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

دنیا و آخرت میں کامیابی و کامرانی کیلئے کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔ دُعا کے شروع اور آخر میں اِس صیغۂ دُرود کو شامل کرنے سے خیر و برکت کا حصول ہوگا اور تمام مسائل حل ہونا شروع ہو جائیں گے۔

22

دُرود حصولِ رحمت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلوٰۃً دَآئِمًا وَّ سَلِّمْ سَلَامًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیْبِکَ وَ سَیِّدِ النَّبِیِّکَ وَ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ فَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

نعمتوں اور رحمتوں کے حصول کیلئے کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

23

درودِ نُصرت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ خَتَمْتَ بِهٖ
الرِّسَالَةَ وَاَيَّدْتَّهٗ بِالنَّصْرِ وَالْكَوْثَرِ
وَالشَّفَاعَةِ

جو شخص اس دُرودِ پاک کو پڑھنے کا معمول بنا لے۔ اس کے ہر کام میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی غیبی امداد شامل ہوگی اور ہر کام آسانی سے پایۂ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔

24

درودِ چشتیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَمَا
تُحِبُّ وَتَرْضٰى بِاَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

یہ دُرودِ پاک سلسلہ چشتیہ کے کئی بزرگوں کے وظائف میں شامل ہے۔ اپنے دل میں محبت رسول ﷺ پیدا کرنے کیلئے یہ دُرودِ پاک اکسیر ہے۔

25

دُرود برکاتِ کثیرہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رَسُوْلِكَ الْمُصْطَفٰى وَنَبِيِّكَ الْمُرْتَضٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ

ظاہری و باطنی فیوضات و برکات کے حصول کیلئے کثرت سے اِس دُرودِ پاک کو پڑھا جائے۔

26

دُرود زیارت رسول ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْعِبَادِ وَبِجَاهِهٖ بَلِّغْنَا الْمُرَادَ

دُرود و سلام کا یہ صیغۂ مبارکہ 1416 ہجری فضیلت الشیخ السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی المدنی مدظلہ العالی پر مواجہہ شریف، مسجد نبوی شریف میں القاء ہوا۔ زیارتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

27

دُرودِ شفاعت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَکُوْنُ
لَکَ رِضَاءً وَلِحَقِّہٖ اَدَاءً وَّاَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ
وَالْمَقَامَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ مبارک ہے کہ جس شخص نے یہ دُرود پڑھا اُس کیلئے میری شفاعت لازمی ہوگئی۔

28

دُرود پاکیزگیٔ قلوب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے پاس صدقہ کرنے کی طاقت نہ ہو وہ اپنی دعا میں یہ دُرود شریف پڑھا کرے، بے شک یہ دُرودِ پاک طہارتِ قلوب کا سبب ہے۔

29

درودِ محبت

صَلَّی اللّٰہُ وَسَلَّمَ
عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

قطب ربانی سیدی عبدالوہاب الشعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ درودِ پاک پڑھتا ہے اُس پر اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت کے ستر دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ اُس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے۔

30

درودِ اولی العزم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ آدَمَ وَنُوحٍ وَّاِبْرَاهِيمَ وَ
مُوسٰی وَعِيسٰی وَمَا بَيْنَهُمْ مِنَ النَّبِيِّينَ
وَالْمُرْسَلِينَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهُ
عَلَيْهِمْ اَجْمَعِينَ

اس درودِ پاک کو تین بار پڑھنا ایک مرتبہ دلائل الخیرات شریف پڑھنے کے برابر ہے۔

31

دُرودِ سعادت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

عَدَدَ مَا فِی عِلْمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً م

بِدَوَامِ مُلْکِ اللّٰہِ

بعض مشائخ نے بیان فرمایا ہے کہ اِس دُرودِ پاک کا ایک بار پڑھنا 6 لاکھ دُرودِ پاک پڑھنے کے برابر ہے۔ جو شخص ہر جمعۃ المبارک اِس دُرودِ پاک کو ہزار بار پڑھے گا اُس کا شمار سعادت مند لوگوں میں ہوگا۔

32

دُرود خزینۂ اسرار

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی کُلِّ لَمْحَۃٍ

وَّ نَفَسٍ م بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

جو شخص پابندی کے ساتھ اِس دُرودِ پاک کو پڑھے گا اُس کو سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بہت سے علوم و اسرار حاصل ہوں گے اور وہ روحانی طور پر سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تربیت میں ہوگا۔

33

درود عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ

اَللّٰهُمَّ يَا دَآئِمُ الْفَضْلِ عَلَى الْبَرِيَّةِ O يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالْعَطِيَّةِ O يَا صَاحِبَ الْمَوَاهِبِ السَّنِيَّةِ O صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْوَرٰى سَجِيَّةً O وَاغْفِرْلَنَا يَا ذَا الْعُلٰى فِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ O

خیر و برکت کے حصول کیلئے اس درودِ پاک کو کثرت سے پڑھا جائے۔

34

درودِ ہزارہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

یہ درودِ پاک زیارتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے کثرت سے پڑھا جائے۔ سلسلۂ چشتیہ کے اکثر بزرگوں کے وظائف میں یہ درودِ پاک شامل ہے۔ ادائیگی قرض کیلئے اس درودِ پاک کا پڑھنا مجرب عمل ہے۔

35

دُرود اول و آخر

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ اَکْرَمِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

گزری ہوئی زندگی کے گناہوں کی معافی کیلئے کثرت سے یہ درُودِ پاک پڑھا جائے۔ انشاء اللہ العزیز اللہ تبارک و تعالیٰ کے فضل وکرم سے گناہ معاف ہوجائیں گے اور آئندہ کی زندگی میں اعمالِ صالحہ کی توفیق بھی نصیب ہوجائے گی۔

36

دُرود کشف

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ شَفِیْعِ الْاُمَّۃِ کَاشِفُ الْغُمَّۃِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ

صاحب کشف بننے کیلئے اس بابرکت درُودِ پاک کو تین سال تک گیارہ سو مرتبہ صبح اور گیارہ سو مرتبہ شام کو پڑھا جائے، انشاء اللہ العزیز پڑھنے والے پر باطنی اور پوشیدہ راز کھلنے شروع ہوجائیں گے۔

37

دُرودِ محمدی ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَآئِقِ صَلٰوةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰهِ

حضور پاک ﷺ کی محبت کے حصول کیلئے یہ دُرودِ پاک ایک راز ہے۔ جس کے بے شمار فضائل وفوائد ہیں۔ اِس دُرودِ پاک کا سوالاکھ مرتبہ پڑھنا ہر مشکل اور حاجت کا حل ہے۔

38

دُرودِ نقشبندیہ

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِبْرَاسِ الْاَنْبِیَآءِ وَ نَیِّرِ الْاَوْلِیَآءِ وَ زِبْرِقَانِ الْاَصْفِیَآءِ وَ نُوْرِ الثَّقَلَیْنِ وَ ضِیَاءِ الْخَافِقَیْنِ

سلسلہ نقشبندیہ کے وظائف میں یہ دُرودِ پاک شامل ہے۔ اس کے بے شمار روحانی اثرات وفوائد ہیں۔ کثرت سے اس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

39

درود شفائے قلوب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِھَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا نُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

اس درودِ پاک کے پڑھنے سے روحانی وجسمانی امراض سے شفا حاصل ہوتی ہے اور دل سے وسوسے ختم ہو جاتے ہیں۔

40

درود نجاتِ وبا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَآءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبِعَدَدِ کُلِّ عِلَّةٍ وَّشِفَآءٍ

وباؤں سے نجات حاصل کرنے کیلئے یہ درودِ پاک نہایت مجرب ہے۔ وباء والے علاقے میں کثرت سے یہ درودِ پاک پڑھا جائے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس علاقے سے وبا کو ختم کر دیتے ہیں۔

41
درودِ طیب

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْكَ وَسَلَّمَ یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا اَحْمَدِ مُجْتَبٰی مُحَمَّدٍ مُصْطَفٰی وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَحْبَابِہٖ وَذُرِّیَّاتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ

گناہوں سے پاکیزگی حاصل کرنے کیلئے اس صیغۂ درود و سلام کو کثرت سے پڑھا جائے۔

42
درودِ حصولِ عزت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الرَّفِیْعِ مَقَامُہُ الْوَاجِبِ تَعْظِیْمُہٗ وَ اِحْتِرَامُہٗ صَلٰوۃً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا تَفْنٰی سَرْمَدًا وَّلَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا

حصولِ عزت کیلئے یہ درودِ پاک نہایت اکسیر ہے۔ کثرت سے اس درودِ پاک کا ورد کیا جائے۔

43

درودِ مکین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَوْلَادِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ
ذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَصْهَارِهٖ وَاَنْصَارِهٖ وَ
اَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَاُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ
اَجْمَعِيْنَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اس درودِ پاک کو روزانہ گھر میں پڑھنے سے خوشحالی رہتی ہے اور سکون نصیب ہوتا ہے۔

44

درود زیارتِ سرکارِ مدینہ ﷺ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الْجَامِعِ
لِاَسْرَارِكَ الدَّالِّ عَلَيْكَ وَعَلٰی آلِهٖ
وَسَلِّمْ

حضرت شیخ حسن محمد فدعق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر مذکورہ بالا درود شریف روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ العزیز قسمت ضرور جاگ اُٹھے گی اور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہو جائے گی۔

45

درود زیارتِ نبوی ﷺ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْجَمَالِ وَالْکَمَالِ وَاَرِنِیْ وَجْهَهُ الصَّبِیْحَ فِی الْحَالِ

حضرت شیخ حسن شداد فرماتے ہیں کہ ربیع الاول شریف 1409 ہجری شب سوموار شریف اللہ تبارک وتعالیٰ نے مذکورہ درود شریف برائے زیارتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم القاء فرمایا۔

46

درود زیارتِ سید الاولین والآخرین ﷺ

اَلصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدِیْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ فَاَسْاَلُ الرَّحْمٰنَ یُقْضٰی حَاجَتِیْ

درود وسلام کا یہ صیغہ مبارکہ 1416ھ حضرت شیخ حسن شداد کو روضہ نبویہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بلا واسطہ عطا ہوا۔ حضرت شیخ نے اِس درودِ پاک کو زیارتِ حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے تین سو مرتبہ پڑھا تو سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زیارت سے مشرف فرمایا۔

47

دُرودِ بخشش

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ وَسَلِّمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص نے یہ دُرودِ پاک پڑھا، اگر وہ کھڑا ہے تو بیٹھنے سے پہلے بخش دیا جائے گا اور اگر بیٹھا ہے تو کھڑا ہونے سے پہلے بخش دیا جائے گا۔ بخشش اور مغفرت کیلئے کثرت سے یہ دُرودِ پاک پڑھا جائے۔

48

دُرودِ کوثر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ اَوْلَادِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ اَھْلِ بَیْتِہٖ وَ اَصْھَارِہٖ وَ اَنْصَارِہٖ وَ اَشْیَاعِہٖ وَ مُحِبِّیْہِ وَ اُمَّتِہٖ وَ عَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوضِ کوثر سے لبالب بھرا ہوا پیالہ پیے تو وہ کثرت سے اِس دُرودِ پاک کو پڑھے۔

49

دُرُود النور الذاتی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ الذَّاتِیْ وَالسِّرِّ السَّارِیْ فِیْ سَائِرِ الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ

یہ دُرُودِ پاک سیدنا ابو الحسن الشاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ اِس کا ایک مرتبہ پڑھنا ایک لاکھ دُرُودِ پاک پڑھنے کے برابر ہے۔

کرب و بیقراری دور کرنے کیلئے اِس دُرُودِ پاک کو 500 مرتبہ پڑھا جائے۔

50

دُرُود الرؤف الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ الرَّؤُفِ الرَّحِیْمِ ذِی الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَ عَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ عَدَدَ کُلِّ حَادِثٍ وَّ قَدِیْمٍ

حضرت شیخ احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خیر و برکت حاصل کرنے کیلئے اِس دُرُود شریف کا کثرت سے وِرد کیا جائے۔

51

دُرود کمالیه

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ عَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ وَ كَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ

حضرت شیخ محمد ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ اپنے شیخ حضرت ابو المواص رحمۃ اللہ علیہ سے نقل فرماتے ہیں کہ یہ درُودِ مبارک 14 ہزار درُودوں کے ثواب کے برابر ہے۔ اِس درُودِ پاک کے اجر و ثواب کی کوئی انتہا نہیں، کثرت سے اِس صیغۂ درُود و سلام کو پڑھا جائے۔

52

درود سیدی الخجندی رضی اللہ عنہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِهٖ صَلٰوةً اَنْتَ لَهَا اَهْل " وَهُوَ لَهَا اَهْل "

یہ درُودِ پاک حضرت شیخ جلال الدین ابی طاہر احمد الخجندی الحنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہے جو مقبولِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام سے مشہور ہوئے۔ حضرت علامہ جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں کہ اِس درُودِ پاک کا ایک مرتبہ پڑھنا 11 ہزار درُودِ پاک پڑھنے کے برابر ہے۔

53

دُرود سیدنا الرفاعی رضی اللہ عنہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُکْتَبُ بِھَا السُّطُوْرُ ۝ وَتُشْرَحُ بِھَا الصُّدُوْرُ ۝ وَتُھَوَّنُ بِھَا جَمِیْعُ الْاُمُوْرِ بِرَحْمَۃٍ مِّنْکَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفُوْرُ ۝ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ۝

یہ دُرود سیدنا احمد الرفاعی کا ہے۔ شرح صدور کیلئے اِسے کثرت سے پڑھا جائے اور جملہ امور میں آسانی کیلئے اِسے اپنے وظائف میں رکھا جائے۔

54

دُرود تیجانی رضی اللہ عنہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِکَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ

یہ دُرودِ پاک سیدی ابی العباس التیجانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کے حصول کیلئے کثرت سے یہ دُرودِ پاک پڑھا جائے۔

55

دُرودِ افضل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ نَبِیِّکَ وَ رَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَ سَلِّمْ عَدَدَ خَلْقِکَ وَ رِضَآءَ نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ

اس دُرودِ پاک کا افضل ترین صیغہ ہائے دُرود و سلام میں شمار ہوتا ہے۔ ہر مشکل کی آسانی کیلئے اِس دُرودِ پاک کا کثرت سے وِرد کیا جائے۔

56

دُرودِ دوامی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْھِمْ صَلٰوۃً دَائِمَۃً مُسْتَمِرَّۃَ الدَّوَامِ عَلٰی مَرِّ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ مُتَّصِلَۃَ الدَّوَامِ لَا انْقِضَآءَ لَھَا وَلَا انْصِرَامَ عَلٰی مَرِّ اللَّیَالِیْ وَ الْاَیَّامِ عَدَدَ کُلِّ وَابِلٍ وَّطَلٍّ

اس دُرودِ پاک کو پڑھنے والے کو کثرت سے نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔ گناہ معاف ہوتے ہیں اور رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔

57

دُرودِ قلبی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَمُرْشِدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَبِيْبِ ظَاهِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَوْلِيَآءِ اُمَّتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِيْنَ

اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

اس دُرودِ پاک کے پڑھنے والے کا دل روشن ہو جاتا ہے اور اس کے قلب پر انوار و برکات کا نزول ہوتا ہے۔

58

دُرود تریاقِ امراض

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِى الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى قَبْرِ سَيِّدِنَا

مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ

ہر قسم کے ظاہری و باطنی امراض سے نجات کیلئے اس دُرودِ پاک کو کثرت سے پڑھا جائے۔

59

دُرودِ زاھدین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَکْرَمِ
الْکُرَمَآءِ مِنْ عِبَادِکَ وَاَشْرَفِ الْمُنَادِیْنَ
لِطُرُقِ رَشَادِکَ وَسِرَاجِ اَقْطَارِکَ وَ
بِلَادِکَ صَلٰوۃً لَّا تَفْنٰی وَلَا تَبِیْدُ تُبَلِّغُنَا
بِھَا کَرَامَۃَ الْمَزِیْدِ

زاہدین و متقین بزرگوں کا یہ وِردِ خاص ہے۔ اس دُرودِ پاک کو پڑھنے والا زہد و تقویٰ کی راہ پر گامزن ہو جاتا ہے۔

60

دُرودِ طالبین

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ
خَلْقِہٖ وَ رِضَاءَ نَفْسِہٖ وَزِنَۃَ عَرْشِہٖ وَمِدَادَ
کَلِمَاتِہٖ وَکَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَکُلَّمَا ذَکَرَہُ
الذَّاکِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ وَ
عَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَعِتْرَتِہِ الطَّاھِرِیْنَ
وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا

طالبِ رضائے الٰہی کو چاہیے کہ وہ اِس دُرودِ پاک کو اپنے وظائف میں شامل رکھے۔

61

دُرودِ بشارت

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا كَانَ وَمَا يَكُوْنُ وَعَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَيْهِ الَّيْلُ وَاَضَآءَ عَلَيْهِ النَّهَارُ

اگر کوئی کسی ویرانے یا کسی مقام پر بے یار و مددگار ہو اس دُرودِ پاک کو 1100 مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ اُس کی مشکل حل ہو جائے گی اور کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا پڑھنا خوشخبری کی دلیل ہے۔

62

دُرودِ حضوری

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَعَيْنَهٗ مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَيَّدًا مَّنْصُوْرًا وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا

مقامِ حضوری حاصل کرنے کیلئے یہ دُرودِ پاک نہایت اکسیر ہے۔ زیارتِ رسول ﷺ کیلئے روزانہ 1100 مرتبہ اس دُرودِ پاک کو پڑھا جائے۔

63

درودِ ثواب

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ ذُرِّيَّتِهٖ وَ اَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

جو شخص کثرت سے اس دُرودِ پاک پر مداومت اختیار کرے گا۔ انشاء اللہ اسے لامحدود ثواب حاصل ہوگا اور اُس کی عزت میں بھی اضافہ ہوگا۔

64

درودِ نوریہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النُّوْرِ وَ اٰلِهٖ

حضرت شیخ احمد الطیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے بغرضِ عبادت خلوت اختیار کی۔ اس دوران سیدنا جبرائیل علیہ السلام کی زیارت کا شرف حاصل ہوا جن کے ہاتھ میں یہ دُرودِ پاک سفید نور کی روشنائی سے لکھا ہوا تھا۔

زیارتِ حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے کثرت سے اس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

65

درودِ شافعی رضی اللہ عنہ

صَلَّی اللّٰہُ وَسَلَّمَ عَلٰی نَبِیِّنَا سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ

حضرت شیخ مزنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے خواب میں حضرت امام شافعی کی زیارت کا شرف حاصل ہوا، میں نے پوچھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک فرمایا جس پر آپ نے فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مجھے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مذکورہ بالا درود شریف پڑھنے کے صدقے بخش دیا ہے۔

66

درودِ سید شمس الدین رضی اللہ عنہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَّعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَۃَ مَا عَلِمْتَ وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ

یہ درودِ پاک شیخ شمس الدین محمد حنفی شاذلی مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے جسے آپ روزانہ خلوت میں غروبِ آفتاب سے پہلے پڑھا کرتے تھے۔

اِس درودِ پاک میں ایسے اسرار وعجائب ہیں جن کا شمار مشکل ہے۔ کثرت سے اِس کا وِرد کیا جائے۔

67

درود سیدۃ فاطمہ رضی اللہ عنہا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ رُوْحُهُ مِحْرَابُ الْاَرْوَاحِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالْكَوْنِ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ هُوَ اِمَامُ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ٥ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مَنْ هُوَ اِمَامُ اَهْلِ الْجَنَّةِ عِبَادِ اللّٰهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ٥

اس دُرودِ پاک کو اپنے وظائف میں شامل رکھیں، زیادہ سے زیادہ مرتبہ اس دُرودِ پاک کو پڑھنے پر مداومت اختیار کریں۔

68

درود نبہانی رضی اللہ عنہ

عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ صَلَوَاتِ اللّٰهِ وَ تَسْلِيْمَاتِهِ وَ تَحِيَّاتِهِ وَبَرَكَاتِهِ فِيْ كُلِّ لَحْظَةٍ مَا يُمَاثِلُ فَضْلَكَ الْعَظِيْمَ وَ يُعَادِلُ قَدْرَكَ الْفَخِيْمَ وَ يَجْمَعُ لَكَ فَضَائِلَ جَمِيْعِ اَنْوَاعِ الصَّلَاةِ وَالتَّسْلِيْمِ

یہ دُرودِ پاک عاشقِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصاحب تصانیف کثیرہ سیدی یوسف بن اسماعیل النبہانی رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ہے۔ خیر و برکت کے حصول کیلئے اس صیغہ دُرود و سلام کا وِرد کیا جائے۔

69

دُرود نعمت عظمیٰ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

یہ صیغہ دُرود و سلام ایک عظیم دُرودِ پاک ہے۔ جس کے فیوضات و برکات حاصل کرنے کیلئے ہر نماز کے بعد کثرت سے اِسے پڑھا جائے۔ اِس عظیم دُرودِ پاک کے پڑھنے سے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دلی حاجتیں و مرادیں پوری ہو جاتی ہیں۔

70

دُرود نوری

یَا نُوْرُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ الْاَسْرَارِ وَ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهِ الْمُنَوَّرِیْنَ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِهَا سِرِّیْ وَ سَرِیْرَتِیْ وَ بَصَرِیْ وَ بَصِیْرَتِیْ وَ دُنْیَایَ وَ اَهْلِیْ وَ عِیَالِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ

اس دُرودِ پاک کے پڑھنے سے دل میں نور پیدا ہوتا ہے۔ انسان کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور انسان کا دل پاکیزہ ہو جاتا ہے۔ کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

71

درود جامِ کوثر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِی الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِی الْاٰخِرِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِی النَّبِیِّیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ
الدِّیْنِ

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دستِ مبارک سے حوض کوثر کا پانی پینے کیلئے کثرت سے اس درودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

72

درود عابدین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مِّلْاَ
الدُّنْیَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَارْحَمْ مُحَمَّدٍ وَّ
اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاَ الدُّنْیَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَۃِ
وَاجْزِ مُحَمَّدًا وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاَ الدُّنْیَا وَ
مِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
اٰلِ مُحَمَّدٍ مِّلْاَ الدُّنْیَا وَمِلْاَ الْاٰخِرَۃِ

یہ درودِ پاک حضرت معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کا وظیفہ خاص ہے۔ اس کے پڑھنے والے کو اللہ تبارک وتعالیٰ دنیا و آخرت میں اپنی رحمتِ خاص سے مالا مال کر دے گا۔

73

درودِ مدنی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ صَلٰوةً وَّسَلَامًا لَّا یُحْصٰی عَدَدُهُمَا وَلَا یَقْطَعُ مَدَدُهُمَا

اس دُرودِ پاک میں سرکارِ دو عالم ﷺ، آپ کی زوجاتِ مبارکہ، آپ کی اولاد اور اہل بیت کرام کا ذکر ہے۔ اس لئے اِس کو دُرودِ مدنی کہا جاتا ہے۔ غربت و افلاس دور کرنے کیلئے اس کا پڑھنا اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

74

درودِ قرآنی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

اِس صیغۂ دُرود و سلام کو دُرودِ قرآنی اِس لئے کہا جاتا ہے کہ اِس میں قرآن پاک کے ہر حرف کے برابر نبی اکرم ﷺ پر دُرود و سلام پیش کیا گیا ہے۔

قرآن پاک کی تلاوت شروع اور ختم کرتے وقت اِس دُرودِ پاک کو سات سات مرتبہ پڑھا جائے تو بہت زیادہ خیر و برکت حاصل ہوگی۔

75

درود اوّل

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْبِيَآئِكَ وَاَكْرَمِ اَصْفِيَآئِكَ مَنْ فَاضَتْ مِنْ نُوْرِهٖ جَمِيْعُ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ وَصَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَيِّدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

اس صیغۂ درود وسلام کو کثرت سے پڑھنے والا روزِ حشر نبی اکرم ﷺ کے صدقے و وسیلہ جمیلہ سے اول صف میں ہو گا۔ دینی و دنیاوی کامیابیوں کیلئے بھی اس درودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

76

درودِ بلندیٔ درجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَسِرَاجِ اُفُقِكَ وَاَفْضَلِ قَائِمٍ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ بِتَيْسِيْرِكَ وَرِفْقِكَ صَلٰوةً يَّتَوَالٰى تَكْرَارُهَا وَ تَلُوْحُ عَلَى الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا

حصولِ بلندیٔ درجات کیلئے یہ درود شریف اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ اس کا وِرد کرنے والے پر اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت کا نزول ہوتا ہے۔

77

درودِ خالد ابن اکثیر رحمۃ اللہ علیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الْمُطَھَّرِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ

حضرت خالد ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ انتہائی خشوع و خضوع کے ساتھ اپنی زندگی میں اِس درُود پاک کا کثرت سے وِرد کیا کرتے تھے۔ وقت وصال اُن کے سرہانے کاغذ کا ایک پرچہ لکھا ہوا پایا گیا جس پر تحریر تھا کہ ''اے خالد! تمہیں دوزخ سے نجات دے دی گئی ہے''۔ خاتمہ ایمان اور عذابِ دوزخ سے نجات کیلئے کثرت سے اِس درُود پاک کا وِرد کیا جائے۔

78

درود زیارتِ شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَعَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَعَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ

قطب ربانی سیدی عبدالوہاب الشعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ درُودِ پاک پڑھے گا وہ مجھے خواب میں دیکھے گا جو مجھے خواب میں دیکھے گا وہ قیامت میں میرا دیدار کرے گا جو میرا دیدار کرے گا میں اُس کی شفاعت کروں گا اور جس کی میں شفاعت کروں گا وہ میرے حوض سے پانی پیے گا اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُس پر آگ حرام کر دی ہے۔

79

دُرودِ اولاد

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْبَرِيَّةِ وَ بِجَاهِهِ عِنْدَكَ اُرْزُقْنِىْ خَيْرُ الذُّرِّيَةِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ

ایک بندۂ خدا طویل عرصہ تک اولاد کی نعمت سے محروم رہا۔ چند احباب کے ہمراہ وہ شخص مقام حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ (قاہرہ، مصر) کی زیارت کیلئے حاضر ہوا۔ اُس نے وہاں پر یہ دُرودِ پاک سنا اور اُسے کہا گیا کہ اِس دُرودِ پاک کو پڑھنے پر مداومت اختیار کرو۔ اُس شخص نے اِس پر عمل کیا اور کچھ عرصہ کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُسے ایک بیٹا اور بیٹی عطا فرمائی۔

حصولِ اولاد کیلئے دُرود وسلام کا یہ صیغہ کثرت سے پڑھا جائے۔

80

دُرودِ ابراھیم المتبولی رضی اللہ عنہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ بِكَ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى سَآئِرِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى آلِهِمْ وَصَحْبِهِمْ اَجْمَعِيْنَ وَاَنْ تَغْفِرَلِىْ مَا مَضٰى وَ تَحْفَظَنِىْ فِيْمَا بَقِىَ

یہ دُرودِ پاک ولی کامل حضرت شیخ ابراہیم بن علی المتبولی مصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں چاہتا ہوں کہ کسی بھی مسلمان کی زبان اِس دُرودِ پاک سے محروم نہ رہے۔

سیدی عبدالوہاب الشعرانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اِس دُرودِ پاک کے بہت سے اسرار و رموز کا ذکر کیا ہے۔

81

درود عالی قدر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَسَلِّمْ

عاشقِ رسول حضرت امام جلال الدین سیوطی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اِس دُرودِ پاک کو پابندی کے ساتھ ہر جمعۃ المبارک کی رات کو پڑھنے پر مداومت اختیار کرے گا اُس شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی لحد میں رکھیں گے۔

حضرت علامہ زینی دحلان مکی نے اس دُرودِ پاک کے بہت زیادہ فوائد وفضائل بیان کیے ہیں۔

82

درودِ قُطب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ الْاَسْرَارِ وَ تِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہٖ الْاَطْھَارِ وَ اَصْحَابِہٖ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَ اَفْضَالِہٖ

حضرت سیدی احمد البدوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ دُرودِ پاک انوارِ الٰہی کے حصول کا سبب ہے۔ اس کے پڑھنے سے بہت سے اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ اِس دُرودِ پاک کا ایک بار پڑھنا تین بار دلائل الخیرات شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ رزق میں اضافہ کیلئے کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا ورد کیا جائے۔

83

دُرود فاتح

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِىْ اِلٰى صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ حَقَّ قَدْرِهٖ وَ مِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ

ساداتِ مغرب کہتے ہیں کہ یہ دُرودِ پاک اللہ تبارک وتعالیٰ کے ایک صحیفہ میں نازل ہوا۔ اِس کا ایک بار پڑھنا 6 لاکھ مرتبہ پڑھنے کے برابر ہے۔ جو شخص روزانہ اِس دُرودِ پاک کو باقاعدگی سے پڑھتا ہے اُس پر بہت سے حجابات کھل جاتے ہیں اور انوار و برکات کا نزول ہوتا ہے۔

خیر و برکت حاصل کرنے کیلئے کثرت سے اِس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

84

دُرود احمد ثابت المغربی رضی اللہ عنہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ لَوْ لَاهُ مَا كَانَتْ اَرْضٌ" وَلَا سَمَاءٌ"
اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ هُوَ شَفِيْقٌ" عَلَى الْاُمَّةِ وَ سَيِّدُ الْيَتَامٰى

یہ صیغہ ہائے دُرود و سلام مراکش کے حضوری بزرگ سیدی احمد بن ثابت المغربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب الفکر والاعتبار سے لئے گئے ہیں۔ خیر و برکت حاصل کرنے کیلئے اِن صیغہ ہائے دُرود و سلام کو کثرت سے پڑھا جائے۔

85

دُرود عبدالمقصود سالم رضی اللہ عنہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَولَانَا مُحَمَّدِ الْھَادِیْ لِاَنْوَارِكَ، الْجَامِعِ لِاَسْرَارِكَ، الدَّالِ عَلَيْكَ، وَالْمُوْصِلِ اِلَيْكَ، صَلَاةً يُنْفَرِجُ بِهَا كُلُّ ضِيْقٍ وَ تَعْسِيْرٍ، وَ نَنَالُ بِهَا كُلَّ خَيْرٍ وَ تَيْسِيْرٍ، وَ تَشْفِيْنَا مِنَ الْاَوْجَاعِ وَالْاَسْقَامِ، وَ تُخَلِّصُنَا مِنَ الْمَخَاوِفِ وَالْاَوْهَامِ، وَ تَحْفَظُنَا فِی الْيَقْظَةِ وَالْمَنَامِ، وَ تُنْجِيْنَا مِنْ نَوَائِبِ الدَّهْرِ وَمَتَاعِبِ الْاَيَّامِ، وَ عَلٰى اٰلِهٖ هُدَاةُ الْاِسْلَامِ، وَ اَصْحَابِهٖ السَّادَةِ الْاَعْلَامِ، وَ اَزْوَاجِهٖ الطَّاهِرَاتِ الْكِرَامِ، وَ اَجْمَعْنَا عَلَيْهِ يَا رَبَّنَا فِیْ اَعْلٰى مَقَامٍ، وَارْزُقْنَا يَا مَوْلَانَا فِیْ جَوَارِهٖ حُسْنَ الْخِتَامِ

یہ دُرودِ پاک تمام مسائل پریشانیوں اور بیماریوں سے نجات کیلئے پڑھا جائے۔

86

دُرود حضرت غوث پاک رضی اللہ عنہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ، وَ رَحْمَةٌ لِّلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ، عَدَدَ مَنْ مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَمَنْ بَقِیَ وَ مَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِیَ صَلَاةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَ تُحِيْطُ بِالْحَدِّ صَلَاةً لَا غَايَةَ لَهَا وَلَا مُنْتَهٰى وَلَا اِنْقِضَآءَ صَلَاةً دَائِمَةً بِدَوَامِكَ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا مِثْلَ ذٰلِكَ

حضور غوث الثقلین سیدنا الشیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب اِس دُرودِ پاک کو ایک بار پڑھنے سے دس ہزار دُرودِ پاک پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔

87

دُرودِ ناریہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً وَسَلِّمْ سَلَامًا تَامًا
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِىْ تُنْحَلُّ بِهِ
الْعُقَدُ وَ تُنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ وَ تُقْضٰى بِهِ
الْحَوَائِجُ وَ تُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنَ
الْخَوَاتِيْمِ، وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ
الْكَرِيْمِ، وَعَلٰى آلِهٖ وَ صَحْبِهٖ فِىْ كُلِّ
لَمْحَةٍ وَ نَفَسٍ، عَدَدَ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ
يَا اَللّٰهُ يَا حَىُّ يَا قَيُّوْمُ

اِس دُرودِ پاک کو دُرودِ کاملہ، دُرودِ ناریہ اور دُرودِ التفریجیہ بھی کہتے ہیں۔ حضرت امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ اس دُرودِ پاک کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جو شخص اس کو روزانہ 41 مرتبہ، 100 مرتبہ یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے غموں اور پریشانیوں کو دور کر دے گا اس کی حالت بہتر ہو جائے گی، رزق میں اضافہ ہوگا، خیر و برکت کے دروازے اُس پر کھل جائیں گے اور حوادثات زمانہ سے محفوظ رہے گا۔

اس کو پڑھنے کا کم از کم عدد 11 مرتبہ اور آخری عدد 4444 مرتبہ ہے۔ ہر نماز کے بعد کم از کم 11 مرتبہ ضرور پڑھا جائے۔

آفاقہا گردیدہ ام، مہرِ بُتان ورزیدہ ام
بسیار خُوبان دیدہ ام، لیکن تو چیزِ دیگری

حضرت خواجہ امیر خسرو دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

88

درودِ ذاتیہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی الطَّلْعَةِ
الذَّاتِ الْمُطَلْسَمِ وَالْغَیْثِ الْمُطَمْطَمِ
وَالْکَمَالِ الْمُکَتَّمِ لَاھُوْتِ الْجَمَالِ وَ
نَاسُوْتِ الْوِصَالِ وَطَلْعَةِ الْحَقِّ، ھُوِیَّةِ
اِنْسَانِ الْاَزَلِ فِیْ نَشْرِ مَنْ لَّمْ یَزَلْ، مَنْ
اَقَمْتَ بِہٖ نَوَاسِیْتُ الْفَرْقِ اِلٰی طُرُقِ
الْحَقِّ فَصَلِّ اَللّٰھُمَّ بِہٖ مِنْهُ فِیْهِ عَلَیْهِ
وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعَالَمِیْنَ O

یہ دُرودِ پاک امام العارفین شیخ اکبر حضرت سیدی محی الدین ابن العربی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے۔ روحانی فیوض و برکات کے حصول کیلئے کثرت سے اس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

89

درودِ تُنجینا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاةً تُنْجِیْنَا
بِهَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْآفَاتِ وَ
تَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَهِّرُنَا
بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِهَا
عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِهَا
اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ
فِی الْحَیَاةِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ

حضرت شیخ صالح موسیٰ الضریر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ سمندر میں سفر کر رہے تھے کہ ہمارے سفینہ کو ایک شدید طوفان نے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور قریب تھا کہ ہم تمام مسافر غرق ہو جاتے انتہائی پریشانی کے عالم میں مجھ پر نیند کا غلبہ ہوا اور میں سو گیا خواب میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجھ سے فرما رہے ہیں کہ اس سفینہ میں سوار تمام لوگوں سے کہو کہ وہ یہ درود شریف پڑھیں ۔ میں نیند سے بیدار ہوا اور لوگوں کو اس حکم سے آگاہ کیا پھر سب نے مل کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنا شروع کر دیا ابھی تین سو مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری مشکل حل کر دی۔ کسی بھی پریشانی یا مصیبت کے وقت اس درود شریف کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو انشاء اللہ پریشانی حل ہو جائے گی۔

90

دُرود تاج

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَم ط دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط اِسْمُہٗ مَكْتُوبٌ مَّرْفُوعٌ مَّشْفُوعٌ مَّنْقُوشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَم ط سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ط جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُعَطَّرٌ مُطَهَّرٌ مُنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی كَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ط جَمِیْلِ الشِّیَمِ ط شَفِیْعِ الْاُمَمِ ط صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ ط وَاللّٰهُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ

وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُه، وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُه، وَ
سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُه، وَ قَابَ قَوْسَيْنِ
مَطْلُوْبُه، وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُه،
وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُه، سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ اَنِيْسِ
الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةٍ لِّلْعَالَمِيْنَ رَاحَةِ
الْعَاشِقِيْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ شَمْسِ
الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ مِصْبَاحِ
الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ
وَالْمَسَاكِيْنَ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ
اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَ سِيْلَتِنَا فِی الدَّارَيْنِ
صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ
الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ
وَالْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِی

الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ﷺ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ
اللّٰهِ ط يٰاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا
تَسْلِيْمًا ط

دُرودِ تاج شریف حضرت سیدنا ابوالحسن الشاذلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منسوب ہے اور ایصالِ ثواب کی محافل میں باقاعدگی سے پڑھا جاتا ہے۔ یہ دُرودِ پاک بے پناہ فیوضات و برکات کا مجموعہ ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی زیارتِ مبارکہ اور کسی بھی نیک مقصد کیلئے اِسے بے شمار مرتبہ پڑھا جائے تو کامیابی و کامرانی سے ہمکنار ہوں گے۔ کم از کم ایک مرتبہ اِسے روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

91

درُودِ ابراهیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ
عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی
سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ
وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا
اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیْمَ فِی
الْعَالَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

سرکارِ دو عالم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ جس نے اِس درُودِ پاک کا وِرد کیا بروزِ قیامت میں اُس کے ایمان کی گواہی دوں گا اور اُس کی سفارش کروں گا۔

زیارتِ نبوی ﷺ کیلئے کثرت سے اِس درُودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

92

درُود نسب شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا عَظِیْمُ الْاٰبَاءِ مِنْ سَیِّدِنَا آدَمَ اِلٰی
سَیِّدِنَا عَبْدِاللّٰه۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ
بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ ابْنِ
عَبْدُاللّٰهِ ابْنِ عَبْدُ الْمُطَّلِبُ ابْنِ هَاشِمُ
بْنُ عَبْدِ مُنَافْ اِبْنِ قُصِیٍّ ابْنِ حَکِیْم
اِبْنِ مُرَّةِ اِبْنِ کَعْبِ اِبْنِ لُوَیْ اِبْنِ
غَالِبْ اِبْنِ فَهْرَ اِبْنِ مَالِكْ اِبْنِ النَّضْرُ
اِبْنِ کِنَانَةْ اِبْنِ خَزِیْمَةِ اِبْنِ مُدْرَکَةِ اِبْنِ
اَلْیَاسِ اِبْنِ مُضَرْ اِبْنِ نِزَارْ اِبْنِ مُعِدْ اِبْنِ
عَدْنَانُ صَلَاةً تَمْلَأُ جَمِیْعُ الْاَکْوَانِ عَدَدَ

مَا يَكُوْنُ وَمَا قَدْ كَانَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ
بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ كَرِيْمِ
الْاُمَّهَاتِ مِنْ سَيِّدَتِنَا اَلسَّيِّدَةُ حَوَّاءِ اِلٰى
سَيِّدَتِنَا اَلسَّيِّدَةُ آمِنَهُ بِنْتِ وَهْبِ اِبْنِ
عَبْدِ مُنَافِ اِبْنِ زُهْرَةِ اِبْنِ حَكِيْمِ بِعَدَدِ
كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَكَ يَا عَلِيْمُ وَعَلٰى آلِهٖ وَ
صَحْبِهٖ اُوْلِى الشَّرَفِ وَالتَّكْرِيْمِ اَفْضَلُ
الصَّلَاةِ وَاَتَمُّ التَّسْلِيْمِ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ
اَزْوَاجِهٖ وَاَوْلَادِهٖ سَيِّدِنَا اَلْقَاسِمُ وَسَيِّدِنَا
عَبْدُاللّٰهِ وَسَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ بِعَدَدِ كُلِّ
مَعْلُوْمٍ لَكَ يَا عَلِيْمُ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ
اَوْلَادِهٖ سَيِّدَتُنَا السَّيِّدَةُ زَيْنَبُ وَسَيِّدَتُنَا
السَّيِّدَةُ رُقَيَّةُ وَسَيِّدَتُنَا السَّيِّدَةُ اُمِّ كُلْثُوْمُ
وَسَيِّدَتُنَا السَّيِّدَةُ فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءِ اُمِّ
مَوْلَانَا الْاِمَامَ الْحَسَنَ وَاُمِّ مَوْلَانَا الْاِمَامَ
الْحُسَيْنُ وَسَيِّدَتُنَا السَّيِّدَةُ زَيْنَبُ فِيْ
كُلِّ لَمْحَةٍ وَنَفْسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهٗ عِلْمُ
اللّٰهِ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَ
عَلٰى عَمَّيْهِ خَيْرِ النَّاسِ سَيِّدِنَا حَمْزَةُ وَ
سَيِّدِنَا الْعَبَّاسُ وَعَلٰى اِبْنِ عَمِّهٖ سَيِّدِنَا
عَلِيُّ الْكَرَّارِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ آلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ

اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُه، اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَ يُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى آلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

سرکارِ مدینہ ﷺ کے نسب شریف کے دُرودِ پاک

مصر کے ولیِ کامل، عاشقِ رسول ﷺ حضرت شیخ عبدالمقصود محمد سالم رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب "راحۃ الارواح" میں

فرماتے ہیں کہ مجھے زندگی میں بے شمار مصائب وآلام درپیش ہوئے لیکن اللہ تبارک وتعالیٰ کا فضل وکرم کہ مجھے ہمیشہ صبر و استقامت اور قوت ایمانی جیسی نعمتوں سے نوازتا رہا۔

ایک مرتبہ مجھ پر ایک ایسی مصیبت کا نزول ہوا جس کی وجہ سے قریب تھا کہ میں صبر و استقامت جیسی نعمتوں سے محروم ہو جاتا۔ اس مصیبت کی مدت طویل ہوئی اور پریشانی میں دِن گزرتے رہے۔

انہی ایام میں ایک وحشت ناک خواب بھی دیکھی لیکن اس میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے میری مدد فرماتے ہوئے مجھے الہام فرمایا کہ میں یہ پڑھوں۔ "اللھم بحق نبینا و سیدنا محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب...... نسب شریف کے آخر تک" اس کے بعد پڑھوں "اللھم ارفع عنا ھذا البلاء" اے اللہ مجھ سے یہ پریشانی دُور فرما۔

ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ظہر کی نماز قاہرہ کی جامع مسجد حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ نماز کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نسب مبارک کے دُرود شریف کو کئی بار پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

پریشانیوں اور مشکلوں سے نجات کیلئے کثرت سے اس دُرودِ پاک کا وِرد کیا جائے۔

حوالہ جات

کتاب ہذا میں موجود صیغہ ہائے درود وسلام درج ذیل کتابوں سے اخذ کئے گئے ہیں۔

- ☆ الکنوز المحمدیة لرؤیة خیر البریة
- ☆ الکنوز المحمدیة فی الصلاة علی خیر البریة
- ☆ افضل الصلوات علی سید السادات
- ☆ سعادة الدارین فی الصلاة علی سید الکونین
- ☆ انوار الحق فی الصلاة علی سید الخلق
- ☆ التفکر والاعتبار فی فضل الصلاة والسلام
- ☆ اللھم صل علی سیدنا محمد
- ☆ زیارتِ حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- ☆ خزانۂ درود وسلام
- ☆ گلدستۂ درود وسلام
- ☆ خزینۂ درود وسلام
- ☆ خزینۂ درود شریف
- ☆ تحفۂ درود شریف
- ☆ جمال وکمالِ درود شریف

No.F.5-6/2013-DBNB
GOVERNMENT OF PAKISTAN
NATIONAL HISTORY & LITERARY HERITAGE DIVISION
NATIONAL LIBRARY OF PAKISTAN

Islamabad 03, April, 2019

Subject:- **ACKNOWLEDGE RECEIPT.**

Dear Sir,

I acknowledge with thanks the receipt of the following books/brochures delivered to National Library of Pakistan under Copyright Law:

نمبر شمار	نام کتاب	نام مصنف	سال اشاعت	تعداد کتب
-1	زیارات مقدسہ (تحریر وتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	1999	01
-2	سفر نامہ ایران وافغانستان (تحریر وتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2000	01
-3	زیارتِ حبیب ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2000	02
-4	ارشاداتِ مرشد	افتخار احمد حافظ قادری	2001	01
-5	خزانۂ درُود وسلام	افتخار احمد حافظ قادری	2001	02
-6	دیارِ حبیب ﷺ (تحریر وتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2001	01
-7	گلدستۂ قصائدِ مبارکہ	افتخار احمد حافظ قادری	2001	02
-8	قصائدِ غوثیہ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-9	سرزمینِ انبیاء واولیاء (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-10	زیارات اولیائے پاکستان (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-11	بارگاہِ غوث الثقلین ؓ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-12	سرکار غوثِ اعظم ؓ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-13	مقاماتِ مبارکہ آل واصحابِ رسول ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2002	01
-14	زیارات شام (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2003	01
-15	زیارات شہر رسول ﷺ (تصویری البم)	افتخار احمد حافظ قادری	2003	01
-16	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف	افتخار احمد حافظ قادری	2003	01
-17	فضیلتِ اہل بیتِ نبوی ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2005	02
-18	زیارات مصر (تحریر وتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2006	01
-19	بارگاہ پیر رومی میں (تحریر وتصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2006	01

-20	سفرنامہ زیارات مراکش (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-21	زیارات مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-22	زیارات ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
-23	زیارات اولیائے کشمیر (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
-24	گلدستہ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
-25	تکمیل الحسنات	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-26	انوار الحق	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-27	خزینۂ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-28	فرموداتِ حضرت داتا گنج بخش رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-29	التفکر والاعتبار	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-30	70 صیغہ ہائے دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
-31	ورفعنا لک ذکرک (92 صیغہ ہائے دُرود و سلام)	افتخار احمد حافظ قادری	2011	01
-32	زیارات ایران (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2012	01
-33	سفرنامہ زیارت ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-34	کتابچہ حضرت دادا برلاس رحمۃ اللہ علیہ	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-35	ہدیۂ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-36	سفرنامہ زیارات عراق و اُردن (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-37	دُرود و سلام کا نادر و انمول انسائیکلوپیڈیا (جلد اول و جلد دوم)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
-38	سدرۃ شریف تا مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
-39	شانِ بتول رضی اللہ عنہا بزبانِ رسول ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
-40	الصلوات الالفیۃ/صلوات النبویۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2015	01
-41	شانِ علی رضی اللہ عنہ بزبانِ نبی ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-42	عظائم الصلوات والتسلیمات	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-43	شانِ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم بزبانِ سید المرسلین ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-44	سیدنا حمزہ بن عبد المطلب رضی اللہ عنہ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
-45	الصلوات الالفیۃ بأسماء خیر البریۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01
-46	سفرنامہ زیاراتِ ازبکستان	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01

01	2017	افتخاراحمد حافظ قادری	شاہِ حبشہ حضرت اصحمۃ النجاشی ؓ	-47
01	2017	افتخاراحمد حافظ قادری	سفرنامہ زیارتِ ترکی	-48
01	2017	افتخاراحمد حافظ قادری	صلاۃ وسلام برائے زیارت خیرالانام ﷺ	-49
01	2017	افتخاراحمد حافظ قادری	سفرنامہ زیارت شام	-50
01	2018	افتخاراحمد حافظ قادری	سیدنا ابوطالب ؓ	-51
01	2018	افتخاراحمد حافظ قادری	الفية الصلوات على فخر الموجودات	-52
01	2018	افتخاراحمد حافظ قادری	مناقب والدین مصطفیٰ کریم ﷺ	-53
01	2018	افتخاراحمد حافظ قادری	حیات انور	-54
01	2018	افتخاراحمد حافظ قادری	شہزادیٔ کونین علیہا السلام	-55
01	2019	افتخاراحمد حافظ قادری	مومنین کی مائیں	-56

2. These valuable books have been added in the National Library Collection. The readers of the Library will get Knowledge and information from these books. I hope that National Library of Pakistan will receive all forthcoming publications in future.

With regards,

Yours sincerely

3/4/2019

(Muhammad Riaz)
Assistant Director/Delivery of Books & Newspapers Branch

Iftakhar Ahmad Hafiz Qadri,
House 999/A-6, Street No.9,
Afshan Colony,
Rawalpindi Cantt.
Cell: 0344-5009536

مختصر تعارف

افتخار احمد حافظ قادری شاذلی، راولپنڈی

ملازمت

- پاکستان میں موجود غیر ملکی سفارت خانوں (شام، لبنان، قطر، سعودی ملٹری اتاشی) میں تقریباً 20 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔
- سعودی عرب (وزارتِ دفاع، ابواب الروضۃ، تیمورک العربیۃ السعودیۃ) میں تقریباً 10 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔

فوجی اعزازات (ایوارڈز)

- سعودی وزارتِ دفاع، ریاض میں بطور سعودی یونیفارم پرسن خدمات سرانجام دیں اور دورانِ ملازمت حکومتِ سعودیہ کی طرف سے 2 فوجی ایوارڈز سے نوازا گیا۔

لسانیات

- پاکستان میں سعودی عرب کے ثقافتی سنٹر "مركز تعليم اللغة العربية" سے عربی زبان کا دوسالہ کورس مکمل کیا۔
- سفارت خانہ ایران کے زیرِ انتظام ثقافتی سنٹر خانہ فرہنگ ایران سے فارسی زبان کا ایک سالہ ایڈوانس کورس مکمل کیا۔

زیارت مقدسہ کے اسفار

- وطن عزیز میں موجود زیارت مقدسہ کے علاوہ 11 بلادِ اسلامیہ (حجاز مقدس/ شام/ مصر/ مراکش/ ایران/ عراق/ اردن/ لبنان/ افغانستان/ ترکی) میں کئی کئی بار زیارت مقدسہ پر حاضری کے لئے طویل ترین سفر طے کئے اور ان سفروں کے نتیجے میں کئی سفرنامے منظر عام پر آئے۔

تحریری کاوشیں

- الحمدللہ! اب تک 60 کے قریب کتب شائع ہو چکی ہیں جن میں بلادِ اسلامیہ میں زیارت مقدسہ کے سفرنامے، شخصیات (خاتون جنت سیدہ فاطمہ الزہراء ؓ، سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، سیدنا حمزہ ؓ، خلفائے اربعہ، شاہِ حبشہ) اور درود و سلام کی کتب سرفہرست ہیں۔

مضامین و مقالات

- روزنامہ نوائے وقت، الاخبار، اوصاف، دی نیشن، مجلّہ ضیائے حرم، فیضان سدرۃ، پیغام آشنا، نور الحبیب، کاروانِ قمر، طلوعِ مہر اور آئینہ کرم کے علاوہ دیگر کئی رسائل و جرائد میں 100 سے زائد مضامین و مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

عالمی کانفرنسز میں شرکت

- سال 1983 اور سال 1984 میں وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی طرف سے OIC کے زیر انتظام دو بین الاقوامی کانفرنسز میں بطور معاون عربی زبان شرکت کی۔
- اکتوبر 2007 میں سرزمین ایران میں حضرت مولانا جلال الدین رومی ؒ پر منعقدہ عالمی رومی کانفرنس میں راولپنڈی ڈویژن کی طرف سے شرکت اور مقالہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مارچ 2008 میں یونیورسٹی آف سرگودھا میں انٹرنیشنل رومی کانفرنس میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

روحانی سعادتیں اور اعزازات کا حصول

- ستمبر 1996 میں 2 بار بیت اللہ شریف کے اندر حاضری کی سعادت عظمیٰ نصیب ہوئی۔
- مرکزی مسجد حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ میں 16 اکتوبر 2001 نماز فجر کی اذان دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مفتی اعظم عراق حضرت الشیخ السید عبدالکریم بیارہ ؒ کی 2 بار زیارت کا شرف حاصل ہوا، یہ وہ خوش نصیب شخصیت تھیں جنہیں سال 1932ء میں 2 صحابہ اکرام کے مزاراتِ مبارکہ کی منتقلی کے موقع پر اُن کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

25/09/2019

التماسِ دُعا
معزز قارئین کرام سے درخواست ہے
کہ حضور پُر نور خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ کی
اُمتِ مرحومہ کی بخشش و مغفرت اور بلندی
درجات کیلئے دُعا فرمائیں اور بالخصوص
مصنف کتاب ہذا اور اُس کے مرحوم والدین
کریمین کے لئے بھی دُعاؤں کی درخواست
ہے۔شکریہ
افتخار احمد حافظ قادری

پروین گولڑہ کی یاد میں گلہائے عقیدت

تمام عمر دل میں رکھی اُن ﷺ کی یاد   محبّ و مطیعِ رسولِ امین ﷺ
زبان پر ہمیشہ دُرود و سلام   پسندیدہ تھا ذکرِ سلطانِ دین ﷺ
زمانے میں تقسیم کرتی رہیں   وہ خوشبوئے حُبِ شہہ مرسلین ﷺ
خصوصی تھا غوثِ جلی رضی اللہ عنہ سے نیاز   وہ دیوانیٔ شاہِ بغداد رضی اللہ عنہ تھیں
جو ابرار کی خاص ہیں خوبیاں   خدا نے وہ "پروین اختر" کو دیں
ملی پیرِ کامل کے قدموں میں قبر   پسِ مرگ بھی کیا نوازی گئیں
امامِ جنازہ بنے شاذلی   ولایت کی خاتم کے جو ہیں نگیں
عزیز و اقارب بھی اور افتخار   ہوئے اُن کی رحلت سے اندوہگیں
بلند اُن کو فردوس میں دے مقام   تُو اے کردگارِ زمان و زمیں
منور رہے اُن کی تُربت مدام   الٰہی لحد اُن کی ہو عنبریں
تعلق جنہیں حیّ و باقی سے ہے   فنا اُن کا انجام ہرگز نہیں

بر "اجر" سے اُن کی رحلت کا سال
(1)

ہے "انوارِ راہِ بہشت بریں"
1433+1=1434ھ

محمد ظفر: طارق سلطانپوری، حسن ابدال